NHS
Blood and Transplant




## کیا آپ نے اعضاء کے عطیے کے بارے میں ابھی تک کسی سے اپنے خیالات کا تبادلہ کیا ہے؟

Organ donation information (Urdu)

Give life
Sign up

**جنوب ایشیائی کمیونٹی کے لئے معلومات**

## ایک سال

مناسب اعضاء کی شدید کمی کا مطلب ہے کہ جنوب ایشیائی لوگوں کو کسی سفید فام مریض کے مقابلے میں گردے کی اعضاء کی پیوندکاری کے لئے ایک سال زیادہ انتظار کرنا پڑتا ہے۔

## اوسطاً 3

اعضاء کی پیوندکاری کے---- ضرورت مند افراد ہر روز فوت ہوجاتے ہیں کیونکہ کافی اعضاء دستیاب نہیں ہیں

## اِس وقت زیادہ 1,150

جنوب ایشیائی کمیونٹیوں کے---- لوگ اعضاء کی پیوندکاری کا انتظار کررہے ہیں

## صرف 18%

----خاندان ہماری کمیونٹی میں عطیہ کو عملی جامہ پہنانے پر تیار ہوتے ہیں اگر وہ اپنے عزیز کے عطیہ دینے کے فیصلے سے لاعلم ہوں

اعضاء کا عطیہ دینے کے باے میں مزید معلومات کے لئے **organdonation.nhs.uk** پر جائیں

رجسٹر میں شامل ہوں، فیصلے پر تبادلہ خیال کریں، زندگیاں بچائیں

Urdu (OLC259PL4) 10/14

# کیا آپ کو معلوم ہے -----

## مذہب

برطانیہ کے تمام اہم مذاہب اعضاء کے عطیہ اور اعضاء کی پیوندکاری کے اصولوں کی حمایت کرتے ہیں۔ تاہم، ہر مذہب کے اندر مختلف مکتبہ افکار ہیں جس کا مطلب ہے کہ نظریات مختلف ہوسکتے ہیں۔ تمام بڑے مذاہب تسلیم کرتے ہیں کہ اعضاء کا عطیہ کسی فرد واحد کا انتخاب ہے لیکن اگر آپ کو مزید معلومات درکار ہوں تو اپنے مذہبی مشیر سے مشورہ کرلیں یا ہمارے مذاہب کے بارے میں کتابچوں میں سے کوئی طلب کریں۔

## طبّی نگہداشت

صحت کے ماہرین کی زندگیاں بچانے کے لئے تربیت کی جاتی ہے اور وہ اِس کام پر کمر بستہ ہیں: یہ ہمیشہ سے ہی اُن کی پہلی ترجیح ہے۔ اعضاء کو عطیہ کرنے کے بارے میں صرف اُسی وقت سوچا جاتا ہے جب اُن کی کوششوں کے باوجود مریض فوت ہوجاتا ہے۔ اعضاء کی پیوندکاری کے لئے اعضاء صرف اُس وقت لئے جاتے ہیں جب کوئی فرد مرچکا ہو اور اُن کے قریبی لوگ اِس بات کی تصدیق کردیں کہ وہ اعضاء عطیہ کرنا چاہتے تھے۔ موت کی تصدیق دو ڈاکٹر کرتے ہیں جو کہ اعضاء کی پیوندکاری کی ٹیم سے مکمل طور پر خودمختار ہوتے ہیں۔ اعضاء کا عطیہ کرنے والے افراد کی موت کی تصدیق بھی اُسی طرح کی جاتی ہے جس طرح اُن لوگوں کی کی جاتی ہے جو ایسا نہیں کرتے۔ عطیہ کرنے والوں سے انتہائی احترام کا سلوک روا رکھا جاتا ہے اور اعضاء اُسی احتیاط سے نکالے جاتے ہیں جیسے کسی دوسری آپریشن میں۔

## عمر -----

---- ہمیشہ ایک رکاوٹ نہیں ہے اور زیادہ لوگ عطیہ دان بن رہے ہیں جو کہ اسی کے پیٹے میں ہیں!

## بیماری

بیماری یا طویل المدتی علالت آپ کو بطور عطیہ دان اندارج کروانے سے نہیں روکتی۔

## خون کا عطیہ

بھلے آپ خون کا عطیہ نہ دیتے ہوں یا نہ دے سکتے ہوں، آپ پھر بھی ممکنہ عطیہ دان بن سکتے ہیں۔

FREEPOST RRZK-SHUX-SBCK
NHS Blood and Transplant
Fox Den Road
Stoke Gifford
Bristol
BS34 8RR

آپ کو ٹکٹ استعمال کرنے کی ضرورت نہیں لیکن ایسا کرنے سے ہمارے فنڈ کی بچت میں مدد ملے گی۔

# عطیہ کے بارے میں اپنے فیصلے پر تبادلہ خیال کریں اور زندگیاں بچائیں

اعضاء کا عطیہ ہم میں سے کسی کو بھی، ہمارے دوستوں کو، اہلِ خانہ کو اور کمیونٹی کو کسی وقت بھی متاثر کرسکتا ہے، چنانچہ یہ ضروری ہے کہ اِس کے بارے میں سوچا اور بات کی جائے۔

ہر روز اوسطاً تین افراد اعضاء کی پیوندکاری کی ضرورت کی وجہ سے مرجاتے ہیں کیونکہ کافی اعضاء دستیاب نہیں ہیں۔

ہماری کمیونٹی میں لوگوں میں ہائپرٹینشن، ذیابیطس، دل کی بیماری اور گردے کی بیماری زیادہ ہونے کی وجہ سے،
جو کہ اعضاء کی بے کاری کا سبب بن سکتی ہیں، حالات اور بھی خراب ہیں۔ اگر عطیہ دینے اور وصول کرنے والوں کا تعلق ایک ہی نسلی گروہ سے ہو تو اعضاء کی پیوندکاری زیادہ کامیاب ہوتی ہے۔

اگر آپ کی موت ایسے حالات میں ہوتی ہے جس میں عطیہ دینا ممکن ہو، تو آپ کے نزدیک ترین عزیز سے آپ کے فیصلے کی تائید کرنے کے لئے کہا جاسکتا ہے۔ اپنے فیصلے کے بارے میں اُنہیں آگاہ کرنے سے آپ کے اعضاء کا عطیہ دینے یا نہ دینے کےبارے میں فیصلہ کرنے میں اُن پر بوجھ ختم ہوجاتا ہے۔

چنانچہ، اگر آپ عطیہ دینے والے فرد کے طور پر حقیقی بہتری لانا چاہتے ہیں تو دو اہم اقدام اُٹھانے کی ضرورت ہے:

- این ایچ ایس آرگن ڈونر رجسٹر میں شامل ہوں
- اور عطیہ کرنے کے بارے میں اپنے فیصلے پر اہلِ خانہ اور احباب سے بات کریں

# این ایچ ایس کے آرگن ڈونر رجسٹر میں شامل ہوں

این ایچ ایس آرگن ڈونر رجسٹر ایک خفیہ اور محفوظ ڈیٹا بیس ہے جس میں ہر اُس فرد کی خواہشات کو درج کیا جاتا ہے جو بعد از موت اپنے اعضاء کا عطیہ دینا چاہتے ہوں۔ یہ وہ ڈیٹا بیس بھی ہے جس سے طبی عملہ یہ دیکھنے کے لئے رجوع کرے گا کہ آیا کسی فرد نے عطیہ دینے کا فیصلہ کیا تھا۔

## میں عطیہ دینے ولا کسے بن سکتا ہوں؟

آن لائن – **organdonation.nhs.uk** پر اندراج کروانے میں صرف چند منٹ لگتے ہیں

فون کے ذریعے – **0300 123 23 23** پر فون کریں

بذریعہ ڈاک – لف شدہ فارم پُر کریں اور واپس بھیج دیں

## یہ آپ کی مرضی ہے

آپ اپنے کچھ یا تمام اعضاء کا عطیہ دینا منتخب کرسکتے ہیں – یہ آپ کی مرضی ہے – اور کسی وقت بھی اپنا فیصلہ تبدیل کرسکتے ہیں۔

اور اپنے خاندان کو اپنے فیصلے سے آگاہ کرنا مت بھولیں۔
یہ ایک ایسی گفتگو ہے جو زندگیاں بچانے میں مدد کر سکتی ہے۔

# عطیہ دینا بہتری لاتا ہے

## پسِ مرگ اپنے اعضاء کا عطیہ دینے سے آپ شدید بیمار افراد کی زندگیاں بچانے اور تبدیل کرنے مدد کرسکتے ہیں۔

ہر عطیہ دینے ولا بش قیمت ہے۔ برطانیہ میں ہر سال 5،000 سے بھی کم افراد اُن حالات میں فوت ہوتے ہیں جن میں وہ اعضاء کا عطیہ دے سکتے ہیں۔ اور اگر اُن کے اہلِ خانہ عطیہ دینے سے منع کردیتے ہیں، تو اعضاء کی پیوندکاری کا منتظر کوئی فرد یہ موقع ملنے سے محروم ہوجاتا ہے۔

اور یاد رکھیں، کسی روز یہ کوئی ایسا فرد بھی ہوسکتا ہے جسے آپ جانتے ہوں یا محبت کرتے ہوں – حتیٰ کہ آپ خود – اعضاء کی پیوندکاری کے ضرورت مند ہوسکتےہیں ۔

مخالف جانب والے سرے کو پھاڑیں اور ختم کریں




## Please register my details on the NHS Organ Donor Register

Please complete in CAPITAL LETTERS using a black ballpoint pen.
*Indicates that a field must be completed.

### My name and address

Surname*
Forename(s)*
Date of birth* / / Male ☐* Female ☐*
Address*

Postcode*
Telephone
Mobile
Email

### My wishes

**I want to donate:** (Please tick the boxes that apply)

A. any of my organs and tissue ☐ **or**
B. my kidneys ☐ heart ☐ liver ☐ small bowel ☐
eyes ☐ lungs ☐ pancreas ☐ tissue ☐

**for transplantation after my death.**

Signature
Date

Please tick here if you would like to receive future information about blood, organ and tissue donation from NHS Blood and Transplant. ☐

### My ethnic origin

There's a better chance of getting a closer match and a successful transplant if the donor and recipient are from the same ethnic group. Please tick the ethnic group which best describes you.

**White:** British ☐ Irish ☐ Other ☐
**Mixed:** White/Black Caribbean ☐ White/Asian ☐
White/Black African ☐ Other ☐
**Asian or Asian British:** Indian ☐ Pakistani ☐
Bangladeshi ☐ Other ☐
**Black or Black British:** Caribbean ☐ African ☐ Other ☐
**Other ethnic categories:** Chinese ☐ Other ☐
**Not stated:** ☐

Data Protection Assurance. Completion of this form is for the purpose of recording your wishes to become an organ donor. All information provided to NHS Blood and Transplant is used in accordance with the Data Protection Act 1998. Your data may be handled on our behalf in a country not normally covered by EU Data Protection law. If so, we will ensure that the data will be protected by the EU requirements. More information on how we look after your personal details can be found at www.nhsbt.nhs.uk or by calling 0300 123 23 23.

If you wish to amend or withdraw your record from the NHS Organ Donor Register you can do so by calling the Organ Donor Line on 0300 123 23 23, visiting organdonation.nhs.uk or writing to us at the address overleaf.

2317